Directorate of Education, GNCT of Delhi
Sample Question Paper(Mid Term)
Session: 2026-27
Class X
Subject Urdu Course B (303)

وقت: 3 گھنٹے　　　　　　کل نمبر: 80

**عام ہدایات:**

(i) اس سوال نامے میں کل 14 سوالات ہیں۔
(ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔
(iii) جواب تحریر کرتے وقت اُس کے سوال کا نمبر ضرور درج کریں۔
(iv) جواب تحریر کرتے وقت خوشخط اور صفائی کا خاص خیال رکھیں۔

## Section (A): حصّہ۔الف

## عبارت فہمی اور شعر فہمی

**سوال نمبر 1 مندرجہ ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اُس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے صحیح جوابات لکھیے۔** 5x1=5

پانی اللہ تعالیٰ کی ایک عظیم نعمت ہے۔ انسانی زندگی کا انحصار پانی پر ہے۔ انسان، جانور اور پودے سبھی پانی کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتے۔ زمین پر پانی کی وافر مقدار موجود ہونے کے باوجود پینے کے قابل پانی محدود ہے۔ آبادی میں اضافے، صنعتوں کے پھیلاؤ اور پانی کے بے جا استعمال کی وجہ سے صاف پانی کی کمی ایک اہم مسئلہ بنتا جا رہا ہے۔ ہمیں پانی کو ضائع کرنے کے بجائے اس کا محتاط استعمال کرنا چاہیے۔ گھروں میں نل کھلا نہیں چھوڑنا چاہیے، گاڑی اور فرش دھونے میں ضرورت سے زیادہ پانی استعمال نہیں کرنا چاہیے اور بارش کے پانی کو محفوظ کرنے کے طریقے اختیار کرنے چاہییں۔ اگر ہم آج پانی کی حفاظت کریں گے تو آنے والی نسلیں بھی اس نعمت سے فائدہ اٹھا سکیں گی۔

(i) انسانی زندگی کا انحصار کس چیز پر ہے؟

(A) ہوا پر (B) پانی پر

(C) مٹی پر (D) روشنی پر

(ii) صاف پانی کی کمی کی ایک بڑی وجہ کیا ہے؟

(A) آبادی میں اضافہ (B) درختوں کی افزائش

(C) بارش کی زیادتی (D) موسم کی تبدیلی

(iii) پینے کے قابل پانی کی مقدار کیسی ہے؟

(A) بہت زیادہ (B) لا محدود

(C) محدود (D) ناکافی

(iv) بارش کے پانی کے بارے میں کیا تجویز دی گئی ہے؟

(A) اسے ضائع کیا جائے (B) اسے محفوظ کیا جائے

(C) اسی آلودہ کیا جائے (D) اسے بہا دیا جائے

(v) آنے والی نسلوں کے لئے پانی کی حفاظت کیوں ضروری ہے؟

(A) پانی کی اہمیت ختم ہو جائے (B) پانی کا استعمال بڑھایا جا سکے

(C) آنے والی نسلیں بھی نعمت سے فائدہ اٹھا سکیں (D) بارش کم ہو جائے

**یا**

شہد کی مکھیوں کا چھتہ ایک حیرت انگیز معاشرتی نظام کی مثال ہے۔ اس چھتے میں ہزاروں مکھیاں ایک منظم زندگی گزارتی ہیں۔ ان میں ایک "ملکہ مکھی" ہوتی ہے جس کا کام صرف انڈے دینا ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ کچھ "نر مکھیاں" ہوتی ہیں۔ یہ مکھیاں انتہائی محنتی اور وفادار ہوتی ہیں۔ وہ اپنے چھتے کی حفاظت کے لیے جان بھی دے دیتی ہیں۔ شہد انسان کے لیے ایک بہترین غذا اور شفا ہے، جس کا ذکر مذہبی کتابوں میں بھی ملتا ہے۔ مکھیوں کا یہ تعاون اور محنت انسانی معاشرے کے لیے ایک سبق آموز مثال ہے۔

(i) شہد کی مکھیوں کا چھتہ کس چیز کی مثال ہے؟

(A) ایک افراتفری کے نظام کی (B) ایک غیر منظم زندگی کی

(C) ایک حیرت انگیز معاشرتی نظام کی (D) ایک تنہائی پسند گروہ کی

(ii) ملکہ مکھی کا بنیادی کام کیا ہوتا ہے؟

(A) پھولوں سے رس چوسنا (B) چھتے کی حفاظت کرنا

(C) شہد بنانا (D) صرف انڈے دینا

(iii) کام کرنے والی مکھیاں سارا دن کیا کرتی ہیں؟

(A) آرام کرتی ہیں (B) پھولوں سے رس چوس کر شہد بناتی ہیں

(C) ملکہ مکھی کی حفاظت کرتی ہیں (D) نر مکھیوں سے لڑتی ہیں

(iv) مکھیاں اپنے چھتے کی حفاظت کے لیے کیا کرتی ہیں؟

(A) ڈر کر بھاگ جاتی ہیں (B) چھتّہ چھوڑ دیتی ہیں

(C) جان دے دیتی ہیں (D) شور مچاتی ہیں

(v) اِس عبارت کے مطابق شہد کی مکھیوں کا تعاون اور محنت انسانی معاشرے کے لیے کیا ہے؟

(A) ایک معمولی بات (B) ایک سبق آموز مثال

(C) ایک غیر ضروری عمل (D) ایک پریشان کن سرگرمی

**سوال نمبر2 مندرجہ ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اُس سے متعلق سوالات کے متبادل جوابات کا انتخاب کیجیے۔**

5x1=5

کاہلی تو جان لیوا روگ ہے
زندگی ہوتی ہے بہتر کام سے
زندہ رہنے کا سلیقہ ہے یہی
منہ نہ موڑے کوئی دم بھر کام سے
بیٹھ کر باتیں بنانا سہل ہے
اصل میں کھلتے ہیں جوہر کام سے
قدر کرتا ہے زمانہ کام کی
نام پاتے ہیں ہنرور کام سے
دو گھڑی آرام کرنا چاہیے
جب فراغت ہو میسر کام سے

(i) کام سے فارغ ہو کر کتنی دیر آرام کرنا چاہیے؟

(A) دس منٹ (B) ایک سال

(C) دو گھڑی (D) ایک ہفتہ

(ii) بیٹھ کر کیا کرنا آسان ہے؟

(A) باتیں کرنا (B) لکھنا

(C) کام کرنا (D) منصوبہ بنانا

(iii) کام کی وجہ سے کون لوگ کام پاتے ہیں؟

(A) کاہل لوگ (B) سست لوگ

(C) طاقتور لوگ (D) ہنرور

(iv) شاعر نے کس چیز کو جان لیوا روگ بتایا ہے؟

(A) جوش کو (B) کاہلی کو

(C) غصے کو (D) آرام کو

(v) اصل میں کس وجہ سے جوہر کھلتے ہیں؟

(A) کام سے (B) سستی سے

(C) طاقت سے (D) تجربے سے

**یا**

یہ دنیا عجب کارخانہ ہے کوئی
کہ ہر دم دنیا ایک فسانہ ہے کوئی
جو گزرا، سو گزرا، نہ اُس پر غم کر
کہ آنے والا لمحہ سہانا ہے کوئی
یہ ہنستے ہوئے پھول کیا کہہ رہے ہیں
خوشی کا یہاں اب ٹھکانہ ہے کوئی
فلک پر ستارے یہ کیوں جھلملاتے؟

کہ شاید زمیں پر دوانہ ہے کوئی
نہ کر فکر فردا، یہ تدبیر چھوڑ دے
یقیں کر خدا کا، ٹھکانہ ہے کوئی

(i) شاعر کے نزدیک یہ دنیا کیا ہے؟
(A) ایک پرانا گھر (B) ایک عجیب کارخانہ
(C) ایک خوبصورت باغ (D) ایک ویران جگہ

(ii) شاعر گزرے ہوئے وقت کے بارے میں کیا نصیحت کر رہا ہے؟
(A) اُس کو یاد کر کے غم کرو (B) اُس سے سیکھ کر آگے بڑھو
(C) اُس پر غم نہ کرو (D) اُسے مکمل طور پر بھلا دو

(iii) ہنستے ہوئے پھول کیا پیغام دے رہے ہیں؟
(A) خوشی عارضی ہے (B) خوشی کا یہاں اب ٹھکانہ ہے
(C) پھولوں کو مت توڑو (D) زندگی مشکل ہے

(iv) فلک پر ستاروں کے جھلملانے کی کیا وجہ بتائی گئی ہے؟
(A) وہ خوشی منا رہے ہیں (B) شاید زمین پر کوئی دوانہ ہے
(C) چاند کی روشنی ہے (D) وہ سورج کا انتظار کر رہے ہیں

(v) شاعر نے کس چیز کی فکر کرنے سے منع کیا ہے؟
(A) دنیا کی (B) پھولوں کی
(C) خدا کی (D) فکر فردا کی

**سوال 3 مندرجہ ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اُس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے صحیح جوابات لکھیے**

5x1=5

ڈاکٹر امبیڈکر کا اصل نام بھیم راؤ سکپال تھا۔ وہ 14 اپریل 1891 کو مدھیہ پردیش کے قصبے مہو میں پیدا ہوئے۔ ان کا تعلق مہاراشٹر کے مہار خاندان سے تھا۔ اس زمانے میں چھوت چھات کی وبا عام تھی۔ ڈاکٹر امبیڈکر کو بچپن ہی سے اس قسم کے بھید بھاؤ اور ناانصافی کا سامنا کرنا پڑا۔ ایک دفعہ وہ اسکول جا رہے تھے کہ بہت زور کی بارش شروع ہو گئی۔ وہ ایک مکان کی دیوار کے سہارے کھڑے ہونا چاہتے تھے۔ مکان کی مالکہ نے انھیں ڈانٹا اور وہاں سے چلے جانے پر مجبور کر دیا۔ وہ نہیں چاہتی تھی

کہ چھوٹی ذات کا کوئی فرد اس کے مکان کی دیوار کے پاس کھڑا رہے۔ڈاکٹر امبیڈکر اپنے استادوں کا بے حد احترام کرتے تھے۔ستارا کے ایک اسکول میں امبیڈکر نامی ایک استاد تھے جو ذات پات کی تفریق کو نہیں مانتے تھے۔وہ سب کے ساتھ برابری کا سلوک کرتے تھے۔وہ بھیم راؤ کو بہت چاہتے تھے۔استاد اور شاگرد کا یہ رشتہ ایسا مضبوط ہوا کہ آگے چل کر وہ بھیم راؤ سکپال سے بھیم راؤ امبیڈکر بن گئے۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(A) بے تکلفی (B) خدا کے نام خط

(C) ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر (D) پانی کی آلودگی

(ii) ڈاکٹر امبیڈکر کا اصل نام کیا تھا؟

(A) بھیم راؤ سکپال (B) امبیڈکر

(C) پریم چند (D) کرشن چند

(iii) ڈاکٹر امبیڈکر کو کب سے بھید بھاؤ اور ناانصافی کا سامنا کرنا پڑا؟

(A) جوانی سے (B) بچپن سے

(C) بڑھاپے سے (D) یونیورسٹی سے

(iv) ڈاکٹر امبیڈکو کس نے مکان کی دیوار کے سہارے کھڑا ہونے سے منع کر دیا؟

(A) مکان کے مالک نے (B) مکان کی مالکہ نے

(C) مکان کے ملازم نے (D) محلے کے چوکیدار نے

(v) ڈاکٹر امبیڈکر کس قصبے میں پیدا ہوئے؟؟

(A) جھانسی (B) اندور

(C) مہو (D) رائے پور

**سوال نمبر 4 مندرجہ ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اُس سے متعلق سوالات کے متبادل جوابات کا انتخاب کیجیے۔**

5 x1=5

یہ پیاری پیاری چڑیاں پھرتی ہیں جو چہکتی

قدرت نے تیری ان کو تسبیح خواں بنایا

رحمت سے تیری کیا کیا ہیں نعمتیں میسر

ان نعمتوں کا تجھ کو ہے قدر داں بنایا

ہر چیز سے ہے تیری کاری گری ٹپکتی

یہ کارخانہ تو نے کب رائیگاں بنایا

(i) درج بالا اقتباس کے شاعر کون ہیں؟

(A) اسمٰعیل میرٹھی (B) میر تقی میر

(C) ذوق (D) میر انیس

(ii) قدرت نے چڑیوں کو کیا بنایا ہے؟

(A) خوبصورت (B) شیریں خواں

(C) طاقتور (D) عقلمند

(iii) شاعر نے چڑیوں کو کس صفت سے بیان کیا ہے؟

(A) خاموش (B) چہکتی ہوئی

(C) اداس (D) غمگیں

(iv) قدر داں کے کیا معنی ہیں؟

(A) خوش ہونے والا (B) قدر کرنے والا

(C) شکایت کرنے والا (D) انتظار کرنے والا

(v) ہر چیز سے کس کی کاری گری ٹپکتی ہے؟

(A) انسان کی (B) فن کار کی

(C) قدرت کی (D) چڑیوں کی

## Section (B) حصہ (ب)

### تحریری مہارت

**سوال نمبر 5 مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 250 الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھیے۔** 10

(A) قومی تہوار (B) تاریخی مقامات کی سیر

(C) پسندیدہ شخصیت (D) صحت اور کھیل کود

سوال نمبر 6 آپ کا نام ندیم/نشا ہے آپ جی ایس وی، کڑکڑڈوما دسویں جماعت میں پڑھتے/پڑھتی ہیں اپنا سیکشن تبدیل کرانے کے لیے پرنسپل کے نام درخواست لکھیے۔ 5

**یا**

اپنے دوست/ سہیلی کو امتحان میں کامیابی پر مبارکباد دینے کے لیے خط لکھیے۔ وہ 4355 مولانہ آزاد روڈ متھرا میں رہایش پزیر ہے۔

سوال نمبر 7 سید احتشام حسین کے حالات زندگی اور اُن کے طرز تحریر پر ایک نوٹ لکھیے۔ 5

**یا**

درسی کتاب میں دیے گئے سبق ''خدا کے نام خط '' یا ''قول کا پاس '' کا خلاصہ لکھیے۔

سوال نمبر 8 میر تقی میر یا ذوق کے حالات زندگی اور اُن کی شاعرانہ خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔ 5

**یا**

نظم ''نیکی اور بدی '' یا ''حمد ''میں شاعر نے کیا پیغام دیا ہے؟

## حصہ (ج) Section (C)

## عملی قواعد

**سوال نمبر 9 نیچے لکھے ہوئے معروضی سوالات میں سے صرف آٹھ کے صحیح جواب لکھیے۔** 8x2=16

(i) 'شان دار' کیا ہے؟

(A) اِسم (B) ضمیر (C) لاحقہ (D) سابقہ

(ii) 'شاعر' کی جمع ہے؟

(A) شاعرہ (B) شاعری (C) غزل (D) شعرا

iii ماجد اگلے ماہ اندور جائے گا۔ اس جملے میں فعل کی نشاندہی کیجیے۔

(A) فعل حال (B) فعل ماضی (C) فعل مستقبل (D) فعل معروف

(iv) 'سہل' کا مترادف بتایئے۔

(A) دشوار (B) مشکل (C) آسان (D) تنہائی

(v) " جُملے کے خاتمے پر استعمال ہونے والی علامت کیا کہلاتی ہے؟

(A) ختمہ (B) سوالیہ (C) سکتہ (D) وقفہ

(vi) 'آغاز' کا متضاد بتایئے۔

(A) شروعات (B) سمجھداری (C) صبح (D) انجام

(vii) نیچے لکھے ہوئے لفظوں میں جمع کی پہچان کیجیے۔

(A) عادت (B) کتاب (C) قبور (D) مسجد

(viii) لفظ 'بادشاہ' کا مؤنث بتایئے۔

(A) ملکہ (B) راجہ (C) حکومت (D) شہزادہ

(ix) زمانے کے اعتبار سے فعل کی کتنی قسمین ہوتی ہیں؟

(A) دو (B) چار (C) تین (D) دو

(x) 'خوش رنگ' کیا ہے؟

(A) سابقہ (B) لاحقہ (C) صفت (D) ضمیر

**سوال نمبر 10 درج ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔** 4x1=4

(i) ڈھارس بندھنا

(ii) قول دینا

(iii) دل بھر آنا

(iv) دانتوں میں انگلیاں دبانا

## Section (D) حصہ (د)

**ادب**

**سوال نمبر 11 درجہ ذیل سوالات کے جواب لکھیے۔** 3x2=6

(i) بے تکلفی سے کیا پریشانی ہوتی ہے؟

(ii) اکبر نے رگھوپت کا دل کس طرح جیت لیا؟

(iii) زمین پر مختلف جانداروں کی نشو نما کیسے ہوئی؟

**سوال نمبر 12 درج ذیل سوالات کے جواب لکھیے۔** 2x1=2

(i) آلودگی سے کیا مراد ہے؟

(ii) لین شو نے لفافے پر کیا پتہ لکھا؟

**سوال نمبر 13 درج ذیل سوالات کے جواب لکھیے۔** 2x2=4

(i) اپنی ثنا آپ کون کرتا ہے؟

(ii) انسانی زندگی کی حقیقت کیا ہے؟

**سوال نمبر 14 درج ذیل سوالات کے جواب لکھیے۔** 3x1=3

(i) نظیر اکبرآبادی کی کون سی نظم آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

(ii) ذوق کا اصلی نام کیا ہے؟

(iii) میر تقی میر کہاں پیدا ہوئے؟